Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شعبان ۱۳۴۰ھ مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر	خلاصہ مضمون	صفحہ	نمبر	خلاصہ مضمون	صفحہ
	رخصت منظور محمود صاحب	۱	۱۲	اضافہ گرداوری	۳
۲	الاونس نائب سپرنٹنڈنٹ میونسپلٹی	۱و۲	۱۳	رخصت احمد میونسپلٹی	=
۳	اضافہ وحید علیخان	۲	۱۴	ترقی عہدہ محمد امین خان	=
۴	یادگار تنخواہ سید علیخان تقرر مولوی رشید احمد	=	۱۵	انتظام جگہ احمد نگاری	=
۵	تصحیح الاونس	=	۱۶	تقرر غلام نقی	=
۶	استعفا ایگزیکٹیو انجینئر صاحب	=	۱۷	رخصت نائب تحصیلدار شاہ آباد	=
۷	تفویض صیغہ تقررات بصاحب سکرٹری	=	۱۸	تبدیلی منظور حسین احمد	=
۸	رفع ڈیفنسری ڈاکٹر صاحب	=	۱۹	انتظام صغری گاؤخانہ	=
۹	مزید توضیح بہ اختیارات [illegible]	=	۲۰	دربارہ [illegible]	=
۱۰	دربارہ استعفا صاحب ایگزیکٹیو انجینئر	۳		نقشہ [illegible] آیا	
۱۱	اضافہ میگا رضیہ میونسپلٹی	=			
		=			

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ملٹری سکرٹری بہادر لفٹنٹ منظور محمود ایڈی کانگ کی رخصت یکماہ منظور فرمائی گئی۔

الاونس

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر سید سکندر شاہ نائب سپرنٹنڈنٹ

…چی مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ مارس الاونس بوجہ
محنت و مستعدی بحصول مطالبات منیوسپلٹی مقرر فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

…استدعا صاحب ہوم سکریٹری بہادر بر بنا رپورٹ صاحب
انجنیر۔ سید امجد علی نائب انسپکٹر ٹیلیفون مشاہرہ دار تیس روپیہ ماہوار کی
تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

معافی تنخواہ و تقرر

…رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ محمد یعلی خان تحویلدار کتب خانہ
بوجہ پیرانہ سالی و دیرینہ ملازمت معاف فرمائی گئی۔ چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ
بدستور پاتے رہیں گے۔ انکی خالی جگہ پر مولوی رشید احمد پیرزادہ کا تقرر مشاہرہ
تیس روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔ اور دس روپیہ ماہوار مولوی مذکور کو بوجہ ڈیوڑھیات
…سے مسدود ہوئی۔

تصحیح

۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

…شید احمد خان سب ڈویزنل افسر تعمیرات بیرونجات کا پچیس روپیہ ماہوار الاونس
۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء سے مقرر ہوا ہے وہ در اصل "سب ڈویزنل الاونس" ہے۔
…م جو جاری ہوئے ہیں انمین "ڈویزنل الاونس" درج ہو گیا ہے۔ لہذا احکام
…جاری ہوئے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

…پی۔ واس ایکزکٹیو انجنیر تعمیرات استعفا پیش کرتے خدمات متعلقہ
…سے سبکدوشی چاہتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

…واس کا استعفا منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

صاحب ہوم سکریٹری بہادر بوجہ نادرستی صحت صیغہ تعمیرات کے کام سے سبکدوشی
چاہتے ہیں۔ ما بدولت و اقبال انکی یہ استدعا منظور کرکے صیغہ تعمیرات مسٹر
صفدر علی سکریٹری انہار و صنعت حرفت کے تفویض فرماتے ہیں۔ صیغہ انہار بھی
بدستور انکے سپرد رہیگا اور صیغہ تعمیرات کا جزو شمار کیا جائیگا۔ آیندہ مسٹر صفدر علی کے
عہدہ کا نام "سکریٹری محکمہ تعمیرات و صنعت حرفت" رہیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط بندگان حضور

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ مسٹر ڈی ایل سیٹھی ڈاکٹر کی موجودہ
تنخواہ میں ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء سے پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

چونکہ صاحب چیف سکریٹری بہادر کو دیگر خدمات مفوضہ کیوجہ سے فائنینشل امور پر
کافی توجہ کرنیکا وقت نہیں ملتا تھا اسلئے ما بدولت و اقبال نے بذریعہ روبکار
مجریہ ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء ایک علیحدہ سکریٹری فائنینشل کے لئے تجویز فرماکر
منشی بھگت بہاری لال کو اس عہدہ پر ممتاز فرمایا۔ اور صیغہ جات خزانہ، آڈٹ،
و بخشیگری انکی متعلق فرمائے۔ اب سلسلہ روبکار مولہ صدر ترمیم ذیل
حسب ذیل کیجاتی ہے۔

۱۔ خزانہ۔ آڈٹ و بخشیگری میں صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کو وہی اختیارات
انتظامی حاصل رہیں گے جو صاحب چیف سکریٹری بہادر کو حاصل تھے۔

دستور العمل آڈٹ میں جہاں لفظ "صاحب چیف سکریٹری بہادر" آیا ہے وہاں
صاحب فائننشل سکریٹری بہادر درج کیا جائے۔

۲۔ سالانہ بجٹ آمدنی و مصارف کا صاحب فائننشل سکریٹری بہادر مرتب کرینگے انکے دفتر میں ۱۵ اگست تک کل صیغہ جات بجٹ راست بجٹ بھیجدیا جایا کریں اور وہاں سے ریاست کا یکجائی بجٹ مکمل ہوکر برائے منظوری اجلاس ہمایوں میں یکم ستمبر تک پیش کیا جائے۔ سررشتہ وصل باقی نویس صدر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے ماتحت ہو مگر اس سررشتہ سے صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کا تعلق اسیطرح رہیگا جسطرح صاحب چیف سکریٹری بہادر سے تھا اور آمدنی کے متعلق جو امور صاحب فائننشل سکریٹری بہادر سررشتہ وصل باقی نویس صدر سے معلوم کیا چاہیں براہ راست دریافت کرینگے۔

۳۔ تخمینہ جات مصارف جو بجٹ کے اندر ہوں انکی منظوری کی اطلاع صیغہ متعلقہ سے بجائے آڈٹ کے صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کے دفتر میں بھیجی جایا کرے۔ اور جو تخمینہ جات مصارف بجٹ منظور شدہ سے زائد ہوں انمیں افسران صیغہ اول صاحب فائننشل سکریٹری بہادر سے بابت گنجائش رقم بذریعہ تحریر مشورہ حاصل کرینگے۔ اور پھر اجلاس ہمایوں میں بغرض منظوری بھیجیں گے۔

۴۔ علاوہ خزانہ ہائے صدر و تحصیلات کے صاحب فائننشل سکریٹری بہادر سررشتہ وصل باقی نویس صدر کا بھی حسب ضرورت معائنہ کرینگے۔ اور تحصیلات یا سررشتہ وصل باقی نویس صدر کے متعلق جو اصلاح طلب نظر آئے انکی بابت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو توجہ دلائی جایا کرے۔

۵۔ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر اور انکے ماتحت افسران کے مابین طریق مراسلت ویسا ہی رہیگا جسطرح کہ دیگر سکریٹری صاحبان اور انکے ماتحت افسران کے مابین ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

مسٹر ٹی پی۔ واسس نے اپنے استعفے کی واپسی کی استدعا کی۔ جو منظور کیجاتی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار مورخہ ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء متعلقہ منظوری استعفا منسوخ کیا جائے۔ اور مسٹر ٹی پی۔ واسس بدستور خدمات عہدہ اکزیکٹو انجینیر انجام دیں۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر منشی نیر الدین [illegible] میونسپلٹی کی تنخواہ میں چار روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات منظور ہوا۔

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق صاحب میونسپل افسر موصوف حسین گرداور چنگی کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

رخصت

۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب۔ رخصت سہ ماہہ منشی شوکت علیخان اہلمد میونسپلٹی بوجہ [illegible] منظور ہوئی۔

ترقی عہدہ

۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق صاحب میونسپل افسر محمد امین خان بیلدار میونسپلٹی مشاہرہ بیس روپیہ ماہوار کو بوجہ حسن انجام خدمات بجلب بالی ولایت [illegible] ملقب بعہدہ نائب سپرنٹنڈنٹ صفائی کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

استعفا و تقرر

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ مکٹ بہاری لال کلان اہلمد آبکاری خفیہ تحقیقات مشاہرہ دار چودہ روپیہ ماہوار کا استعفا منظور ہوا۔ بجائے مستعفی مکٹ بہاری لال خرد معاون اہلمد مشاہرہ دار ۸ تنخواہ دو روپیہ ماہوار الاونس بشاہرہ ۱۰ ۲۰ مارچ سنہ حال سے مقرر کیا گیا۔ اور بجائے معاون ترقی یافتہ کے تقرر عزیز حسن خان عوض کا بشاہرہ ۸ منظور ہوا۔

تقرر

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب ارشاد ارشاد بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم۔ غلام نقی کو سیادت حسین متوفی نائب تحصیلدار کی جگہ پر بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار نائب تحصیلدار زائد از شول مقرر کیا گیا۔

رخصت

۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تصدیق ناظم صاحب۔ نائب تحصیلدار شاہ آباد کی رخصت دس یوم بضرورت شادی دختر منظور کی گئی۔

تبدیلی

۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

بملاحظہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ مزید تقرر یک نائب رجسٹرار دفتر قانونگوے حضور تحصیل بوجہ کثرت کار۔ منظور حسین زائد اہلمد صدر مامورہ سررشتہ آبکاری کو نائب رجسٹراری پر بہ تنخواہ موجودہ حضور تحصیل مین تبدیل کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

واقع ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

گاؤ خانہ مین قاسم علیخان نائب منصرم کا تقرر امتحانا میعادی ہوا تھا۔ انکی مدت میعادی ختم ہوگئی ہے۔ اور وہ دوسرے کام پر مامور ہوگئے ہین۔ وہان سردست محمد عبدالغنی خان صاحب منصرم باغات کام کر رہے ہین۔ تاہم ایک مستقل ہوشیار آدمی کی ضرورت ہے۔ منشی عزیز اسعد خان ناظر اجلاس مشاہرہ دار ۲۵ سترہ روپیہ ماہوار نے اضافہ کی درخواست گذرانی ہے۔ عزیز اسعد خان بشاہرہ بیس روپیہ ماہواری منصرم گاؤ خانہ مقرر کیے جائین انکی جگہ عبدالجلیل امیدوار بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہواری ناظر اجلاس مقرر ہون۔ اچھا کام کرنے کی حالت مین دونون اہلکار مستحق تکمیل تنخواہ ہونگے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر اسلوبی کار مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ خزانہ آڈٹ تجنشیگری سے جسطرح اب تک دیگر محکمہ جات سے روٹین ورک مین مراسلت ہوتی ہے وہ بدستور ہوا کرے دفتر ہذا مین اسکے آنے کی ضرورت نہین ہے۔ یعنی جسطرح صاحبان سکریٹری بہادر اجلاس سے ان صیغہ جات مین مراسلت معمولی امور مین ہوتی تھی وہ بدستور ہوگی البتہ ان سررشتون کے انتظامی اصول معاملات مین جسقدر مراسلت ہوگی وہ دفتر ہذا سے ہوگی براہ راست نہوگی۔ اسیطرح احکام مجرائی بدستور براہ راست خزانہ مین آئینگے لیکن صیغہ جات ماتحت سے کوئی رپورٹ اجلاس ہمایون کو بلا واسطہ دفتر ہذا ارسال نہوگی۔

دفتر ہذا و افسران ماتحت کے مابین طریق مراسلت وہی رہیگا جو دیگر سکریٹری صاحبان بہادر اور انکے ماتحت افسران کے مابین ہے۔

لہذا تجویز ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا خدمت مین افسر صاحبان صیغہ جات آڈٹ خزانہ تجنشیگری کے ترسیل ہو۔ اور ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ فقط